ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (758)

30.11.2022

**بہاول پور ( ) عوام الناس کو میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کی سروسز جاری۔ بہاولپور پولیس کی جانب سے گذشتہ ماہ نومبر 2022 کی پولیس خدمت کاونٹرز کی کارگردگی رپورٹ شائع کردی گئی۔ ماہ نومبر میں کل 303 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے جس میں عوام الناس کو معاونت فراہم کی گئی۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی میں معاونت فراہم کرنا ہمارا فرض ہے تاکہ عوام کو مشکلات کا سامنا نہ کرنا پڑے، ڈی پی او عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی معیاری میڈیکولیگل سروسز کی پالیسی اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں بہاولپور پولیس کی طرف سے شہریوں کو معیاری میڈیکولیگل سروسز کی فراہمی کا سلسلہ جاری ہے جس کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام عمل میں لایا گیا ہے۔ پولیس خدمت کاونٹر کے زریعے متاثرہ شخص / مضروب کو تھانہ کے بجائے براہ راست ہسپتال لے جا کر میڈیکل سہولت فراہم کی جاتی ہے اور ڈاکٹروں کے معائنے کے بعد، میڈیکل سرٹیفکیٹ بنائے جاتے ہیں۔ گذشتہ ماہ نومبر 2022 میں پولیس خدمت کاونٹرز کی براہ راست معاونت سے 303 میڈیکولیگل سرٹیفکیٹ بنائے گئے، جس میں 200 مرد حضرات اور 103 خواتین مستفید ہوئے۔ اس سلسلہ میں ضلعی فوکل پرسن ڈسٹرکٹ میڈیکولیگل پولیس صفدر بھٹی اور انکی ٹیم 24 گھنٹے سروسز کی فراہمی بلاتعطل جاری رکھے ہوئے ہیں جو کرپشن سے پاک، شفاف، بااخلاق اور بہترین ماحول میں باکردار ٹیم اپنے فرائض کی انجام دے رہی ہیں۔ خواتین کے لئے لیڈی پولیس کا عملہ بھی ہمہ وقت موجود ہوتا ہے جو کسی بھی ایمرجنسی یا حادثہ کی صورت میں ریسکیو 1122 سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں۔ متاثرہ شخص کی فوری طور پر رہنمائی کرتے ہوئے مضروب یا متاثرہ خاتون / مرد فوری طور پر طبی امداد و معائنہ کراتے ہیں۔ MLC کی تکمیل کے لئے فوری طور پر ڈاکٹرز / میڈیکل اسٹاف کے عملے سے مسلسل رابطے میں رہتے ہیں اور MLC کی تکمیل کے بعد متعلقہ تفتیشی آفیسر کو فوری طور پر آگاہ کرتے ہیں جو کہ مقدمات کو پایہ تکمیل تک پہنچانے میں مددگار ثابت ہوتے ہیں۔ پولیس خدمت کاونٹر ڈی پی او بہاول پور کے براہ راست نگرانی میں ہوتا ہے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ عوام الناس کو معاری سروسز کی فراہمی کے لئے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔ میڈیکل لیگل سرٹیفکیٹ کے حصول کے لئے پولیس خدمت کاونٹر کا قیام معیاری سروسز کی فراہمی کی طرف ایک اہم قدم ہے۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**



بہاول پور: عوام الناس کو میڈیکل لیگل سروسز کی فراہمی کے لئے ضلعی سطح پر بہاول وکٹوریہ ہسپتال اور ہر تحصیل کی سطح پر تحصیل ہیڈکوارٹر ہسپتال میں پولیس خدمت کاونٹرز کا قیام۔

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (759)

30-11-2022

**بہاول پور() پولیس تھانہ اوچ شریف کی کامیاب کارروائی۔سرقہ بالجبر کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے 05 ملزمان گرفتار، 01 لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد نقدی اور لاکھوں روپے مالیتی کا سرقہ شدہ مال برآمد،ملزمان سے مزید انیٹروگیشن جاری، وارداتوں کے دوران استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 04 پسٹل 30 بور اور 01 کلاشنکوف بھی برآمد، دستیاب وسائل کو بروئے کار لاتے ہوئے شہریوں کی جان ومال کی حفاظت اور جرائم پر قابو پانا ہمارے اولین فرائض میں شامل ہے،ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیل کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کی " عوام خدمت پالیسی" کے تحت ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی قیادت اور کامیاب پولیسنگ کے تحت نتائج آنے کا سلسلہ جاری ہے، تھانہ سٹی اوچ شریف پولیس کی کامیاب کارروائی۔اے ایس پی سرکل احمد پور شرقیہ کی سربراہی میں اور ایس ایچ او تھانہ اوچ شریف کی میں تفتیشی افسران معہ ملازمان پر مشتمل ٹیم نے جدید ٹیکنالوجی کا سہارا لیتے ہوئے شب روز کی محنت سے سرقہ بالجبر کی متعدد مقدمات میں ملوث گینگز کے 05 ملزمان کو گرفتار کرلیا، گرفتار ملزمان میں عبدالجبار، نزاکت، شاہد، فراز اور ساجد شامل ہیں۔ملزمان نے دوران انیٹروگیشن تھانہ اوچ شریف کے علاوہ ضلع مظفر گڑھ کی تحصیل علی پور اور پنجاب کے دیگر اضلاع میں بھی سرقہ بالجبر کے متعدد مقدمات میں ملوث ہونے کا اعتراف بھی کیا، جبکہ وارداتوں میں استعمال ہونے والا ناجائز اسلحہ 04 پسٹل 30 بور اور 01 عدد کلاشنکوف برآمد کر کے الگ الگ مقدمات درج کر لیے۔ملزمان سے مزید انیٹروگیشن جاری ہے اور اہم انکشافات متوقع ہیں، ملزمان کی نشاندہی پر لاکھوں رواپے کے زیورات نقرئی 40 تولہ، نقدی رقم 01 لاکھ 50 ہزار روپے سے زائد برآمد کرلیا، بازیافتہ مال مسروقہ کو قانونی طریقہ کار کے بعد اصل مالکان کے حوالے کر دیا گیا، ڈی پی او نے اپنے پیغام میں کہا کہ بلاشبہ تھانہ اوچ شریف کی یہ ایک اہم کارروائی ہے، بہاول پور پولیس شہریوں کی حفاظت کے لیے دن رات محنت کر رہی ہے، اگر کوئی جرم سرزد ہوتا ہے تو اس کو ٹریس کرنا اور شہریوں کا لوٹا ہوا مال برآمد کرنا پولیس کے لیے ایک اہم ٹاسک ہوتا ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس



بہاول پور: پولیس تھانہ اوچ شریف نے سرقہ بالجبر کی وارداتوں میں ملوث گینگز کے 05 ملزمان گرفتار کرلیا، لاکھوں روپے مالیت مال مسروقہ اور اسلحہ ناجائز برآمد

ڈسٹرکٹ پولیس آفس / شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (760)

30.11.2022

**بہاول پور() ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایت پر گذشتہ 02 روز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں ۔ضلعی پولیس نے مختلف مقامات پر کارروائیاں کرتے ہوئے 21 ملزمان کو گرفتار کر کے 02 کلو سے زائد چرس، 155 لیٹر شراب اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا، مقدمات درج۔ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے، ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار۔**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کی پالیسی " جرائم سے پاک معاشرہ'' اور ایڈیشنل انسپکٹر جنرل آف پولیس جنوبی پنجاب ڈاکٹر احسان صادق کے احکامات کی روشنی میں معاشرے کو منشیات سے پاک کرنے کے لئے بھاولپور پولیس کی انسدادِ منشیات مہم مسلسل جاری ہے۔ ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر عبادت نثار کی ہدایات کی روشنی میں متعدد ملزمان کو گرفتار کر کے ان سے منشیات اور غیر قانونی اسلحہ برآمد کر لیا۔ تھانہ صدر حاصلپور، سمہ سٹہ، مسافر خانہ، اور قایم پور پولیس نے شراب فروشوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوئے ملزمان طالب، طاہر، الطاف اور شہباز کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 155 لیٹر شراب برآمد کر لیں۔ تھانہ صدر بھاولپور اور صدر حاصلپور پولیس نے منشیات فروشوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان اکمل اور شفیق کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے 02 کلو 250 گرام چرس برآمد کر لی۔ جبکہ پولیس تھانہ قائمپور، سمہ سٹہ، عنائتی اور صدر حاصلپور نے غیر قانونی اسلحہ رکھنے والوں کے خلاف کارروائیاں کرتے ہوئے ملزمان اللہ ڈتہ، ریاض، فہد عباسی، محبوب، اور شفیق کے قبضہ سے 02 عدد پسٹل 30 بور 01 عدد کاربین 12 بور، 01 عدد کلاشنکوف اور 01 عدد ریوالور 32 بور برآمد کر لیا۔ جبکہ تھانہ چنی گوٹھ، صدر احمد پور شرقیہ اور ڈیرہ نواب صاحب پولیس نے قمار بازوں کے خلاف کاروائیاں کرتے ہوے 16 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضہ سے داؤ پر لگی رقم اور جوئے کا سامان برآمد کر لیا۔ جبکہ تھانہ اوچ شریف پولیس نے کرایہ داری ایکٹ کی خلاف ورزی پر ملزم شہباز کو اور تھانہ قائمپور نے ساؤنڈ ایکٹ کی خلاف ورزی پر ملزم یعقوب کو گرفتار کر کے پابند سلاسل کیا۔ گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج رجسٹر کر لیے گئے۔ ڈی پی او عبادت نثار نے اس حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ سماج دشمن عناصر کے خلاف اسی طرح کارروائیاں جاری رکھی جائیں، معاشرتی برائیوں کے خاتمے اور جرائم کی سرکوبی کے لیے بہاول پور پولیس دن رات کوشاں ہے۔

ترجمان بہاولپور پولیس




بہاول پور: پولیس کی گذشتہ 02 روز میں جرائم پیشہ عناصر کے خلاف کاروائیاں، 21 ملزمان کو گرفتار بھاری مقدار میں منشیات اور اسلحہ ناجائز برآمد، مقدمات درج